
© rasailojaraid.com



# کتابوں پر تبصرہ

مولانا راشدالحق سمیع

نوٹ :- تبصرے کیلئے دو کتابوں کا آنا ضروی ہے

نام کتاب:- **بیس مردان حق**

تالیف:- مولانا عبد الرشید ارشد

قیمت:-(مکمل دو جلد) سات سو پچاس روپے

صفحات:- دو ہزار

ملنے کا پتہ:- کتب خانہ رشیدیہ دارالعلوم تعلیم القرآن راجہ بازار راولپنڈی

اکابرین امت کے حالات اور سوانح نگاری میں جب بھی کسی کا نام لیا جائے گا تو جناب مولانا عبد الرشید ارشد صاحب کا نام سرفہرست ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ سے بڑا کام لیا ہے خصوصاً اکابرین کی سوانح نگاری اور ان کے حالات وکمالات ،دارالعلوم دیوبند نمبر، نعت نمبر،بیس بڑے مسلمان وغیرہ آپ کی شاہکار کتابیں ہیں۔ نا مساعد حالات کے باوجود آپ نے ما شاء اللہ یہ سلسلہ جاری رکھا ہواہے بیس بڑے مسلمان کو اندرون اور بیرون ملک .جو مقبولیت حاصل ہوئی وہ کم ہی کتابوں کو حاصل ہوئی ہوگی۔اور اب تو یہ حوالہ کی کتاب سمجھی جاتی ہے۔اسی طرز پر اب آپ نے .جو بیس مردان حق کے نام سے جوکتاب مرتب کی ہے۔یہ گویا اسی کتاب کا دوسرا حصہ ہے۔یہ کتاب دو جلدوں میں چھپی ہے۔کتاب کی ترتیب نہایت عمدہ ہے۔کتاب میں جن اکابرین کا تذکرہ ہے ان کا تعلق ماضی قریب سے ہے۔ فاضل مولف کا کمال یہ ہے کہ آپ نے ان عظیم شخصیات کا تذکرہ بھی کیا ہے جو اب تک گوشۂ خمول میں پڑی ہوئی تھیں۔ان جلیل القدر ہستیوں پر مختلف اصحاب نے قلم اٹھایا تھا آپ نے ان مضامین کو یکجا کر دیا اور ایک ضخیم کتاب تیار کرلی۔اس کتاب کو علمی حلقوں میں کافی سراہا گیا ہے اور اس کے متعلق مختلف حلقوں



© rasailojaraid.com